پریس ریلیز

پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ کے 3 ملازمین کی گریڈ 17 میں سپرنٹنڈنٹ کے عہدے پر ترقی

پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر کی مبارکباد، امید ہے یہ ملازمین مستقبل میں زیادہ لگن کے ساتھ کام کرینگے

ترقی پانے والوں میں راحیلہ مصطفیٰ، غلام محسن اور مقصود انور شامل ہیں، تینوں کا انتظامیہ سے اظہار تشکر

لاہور 21 جون:......پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ کے 3 ملازمین کو گریڈ 17 میں ترقی دے کر سپرنٹنڈنٹ کے عہدے پر تعینات کر دیا گیا۔ ترقی پانے والوں میں راحیلہ مصطفیٰ، غلام محسن اور محمد مقصود انور شامل ہیں۔ پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے ان ملازمین کو پروموشن پر مبارکباد دیتے ہوئے توقع ظاہر کی ہے کہ وہ مستقبل میں بھی زیادہ محنت اور پیشہ وارانہ لگن کے ساتھ اپنے فرائض منصبی سرانجام دیں گے اور خود کو اس ترقی کا عملی طور پر اہل ثابت کریں گے۔

اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ صحت کے شعبے میں ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف کے ساتھ ساتھ پس پردہ دفاتر میں بیٹھ کر کام کرنے والے عملے کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں، اُن کا اپنی جگہ کردار اہم ہے اور بالخصوص پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ و امیر الدین میڈیکل کالج جیسے ادارے میں فرائض سرانجام دینے والے زیادہ توجہ کے حقدار ہیں کیونکہ اس انسٹی ٹیوٹ سے فارغ التحصیل ہونے والے دنیا بھر میں طبی خدمات سرانجام دیتے ہیں۔ پروفیسر الفرید ظفر نے یقین دلایا کہ اُن کے زیرنگرانی ملازمین کی بروقت ترقی کو یقینی بنایا جائے گا اور کسی بھی ایسے اقدام میں تاخیر نہیں کی جائے گی جو ادارے کی بہتری میں معاون ثابت ہو سکے۔

اس موقع پر ترقی پانے والے ملازمین نے پرنسپل کو یقین دلایا کہ وہ ادارے کی بہتری کیلئے اپنی تمام صلاحتیں و توانائیاں بروکار لائیں گے۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ ان تینوں ترقیوں کے بارے میں محکمہ سپشلائزڈ ہیلتھ کیئر نے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیے ہیں جس کے بعد انہوں نے سپرنٹنڈنٹ کے عہدوں کی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔

☆☆☆☆